**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
**Central Media Department**

# پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

10 فروری 2024

## کور کمیٹی کی جانب سے مرکز، پنجاب اور خیبر پختونخوا میں تحریک انصاف کو میسّر واضح اکثریت کے باعث حکومت سازی کی حکمتِ عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال

- حکومت سازی کیلئے نو منتخب اراکین قومی اسمبلی سے باضابطہ روابط کی ذمہ داری بیرسٹر عمیر خان نیازی کے سپرد
- علی امین گنڈاپور خیبر پختونخوا جبکہ میاں اسلم اقبال بالترتیب خیبر پختونخوا اور پنجاب میں نو منتخب اراکین صوبائی اسمبلی سے روابط کا فریضہ سرانجام دیں گے

## کور کمیٹی کی جانب سے لندن منصوبے کے تحت وطن واپس لائے گئے عوام کے مسترد شدہ بھگوڑے کے کامیابی کے جھوٹے دعوے شرمناک قرار

- ریاستی فیصلہ سازوں سے بند دروازوں کے پیچھے عوام کے مسترد شدہ مجرموں سے ہاتھ ملانے کی بجائے ووٹ کی پرچی کے ذریعے کئے گئے عوام کے فیصلے کے مکمل احترام کا مطالبہ

## کور کمیٹی کی جانب سے الیکشن کمیشن کے ہاتھوں انتخابات کی تباہ شدہ ساکھ پر بین الاقوامی سطح پر پیدا ہونے والا ردّ عمل فطری اور قابلِ فہم قرار

- انتخابات کے حوالے سے عالمی سطح پر ابھرنے والی تشویش کے دفترِ خارجہ کی پریس ریلیز سے تدارک کی کوشش مضحکہ خیز قرار
- دستور و قانون کے احترام اور شفافیت کے تقاضوں کو ملحوظِ خاطر رکھ کر ہی انتخابات کو مؤثر اور قابلِ قبول بنایا جاسکتا تھا

---پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ